© rasailojaraid.com

کہ بٹ کوائن کے ذریعہ لین دین تو واضح طور پر میسر ہے..... آسٹریلیا کے مرکزی بینک کے سربراہ فلپ لووی نے اسے واضح طور پر 'speculative mania'. قرار دیا..... بنا بریں اس کی موجودہ کیفیت میں اسے جائز قرار دینے کی کوئی توجیہ ناقابل فہم ہے۔ ملائشین فتوی کونسل نے اس بارے میں کافی غور وخوض کے بعد دو بنیادوں پر بٹ کوائن کو بطور کرنسی تسلیم کرنے اور استعمال کرنے سے گریز ہی کا مشورہ دیا ہے کیونکہ اس میں (۱) غرر اور میسر کا بڑا عنصر شامل ہے۔ نیز (۲) یہ کسی حکومت کا جاری کردہ سکہ نہیں.....

گزشتہ دنوں لندن میں ایک نوجوان سے ملاقات ہوئی جو اسلامک بینکنگ کے سیمینار میں شرکت کے لئے آئے تھے اور جدید اقتصادی معاملات میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں انہوں نے اس بارے میں کافی سوالات اٹھائے اور بتایا کہ انہوں نے اس پر کافی ریسرچ کی ہے، چنانچہ قارئین کی تفریح طبع ومعلومات کے لئے کہ بٹ کوائن کیا ہے اور اس کا مالہ وما علیہ کیا ہے، اس پر ان فاضل نوجوان کا وقیع مقالہ (انگریزی میں) پیش کیا جارہا ہے..... آئندہ کسی اشاعت میں اس کا اردو ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا.....

اس مقالہ پر اہل علم کے اگر کوئی تحفظات ہوں یا بٹ کوائن کے حوالہ سے اگر کسی صاحب علم کا کوئی علمی مقالہ موصول ہوا تو اسے بھی انشاء اللہ شائع کیا جائے گا تاکہ حوارِ علمی جاری رہے.....

نئی کتاب

مناقب الخلفاء الراشدین

مع عقائد العلماء الربانیین

تحقیق وتصنیف۔ مفتی نذیر احمد سیالوی صاحب (جامعہ محمدیہ معینیہ فیصل آباد)

ناشر: اہل السنۃ پبلی کیشنز..... دینہ ضلع جہلم

اپنے موضوع پر ایک نہایت عمدہ اور فکر انگیز کتاب (مجلد در دو جلد)

© rasailojaraid.com

رسید تحائف احباب

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں حسب ذیل تحائف شامل ہیں.....اپنی سفری مصروفیات کی بناء پر ان کا کما حقہ مطالعہ نہیں ہوسکا، اس لئے کوئی تفصیلی تذکرہ وتبصرہ سردست ممکن نہیں تاہم ان کتب کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

(۱).....**کتاب تاریخ ناسخ الحدیث ومنسوخہ**

تالیف: امام الائمہ ابی حفص عمر بن احمد بن عثمان بن احمد المعروف بابن شاہین البغدادی م ۳۸۵ھ۔

موضوع: اردو ترجمہ وتحقیق: علامہ آصف محمود صاحب علم حدیث کے وقیع ودقیق عنوان ناسخ ومنسوخ پر مشتمل مجموعہ روایات کا ترجمہ اور محقق تشریح۔

المہدی: جناب علامہ محمد غلام رسول صاحب استاذ ومدرس جامعہ محمدیہ ساہیوال

صفحات: ۱۱۱۲ (ضخیم مجلد)

ناشر: پروگریسو بکس یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

قیمت: درج نہیں

.....

(۲).....**نام کتاب: اسلامی ریاست اور غیر مسلم شہری**

موضوع: غیر مسلموں کے حقوق کے حوالہ سے اسلامی تعلیمات کا تحقیقی مطالعہ

مصنف: ڈاکٹر حافظ محمد سعد اللہ صاحب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

المُہدی: ڈاکٹر حافظ محمد سعد اللہ صاحب

صفحات: ۲۰۷ (مجلد)

ناشر: عکس پبلی کیشنز داتا دربار مارکیٹ لاہور

قیمت: ۱۲۰۰ روپے

---

(۳) نام کتاب: **بزم اہل دل**

موضوع: سوانح حیات مشائخ شاہ آباد شریف

بالخصوص حضرت سید سیف الدین مغفور القادری

کے حکیمانہ اقوال وارشادات۔ علمی نکات، خدا یاد محافل۔

مصنف: سید صبغۃ اللہ شاہ صاحب سہروردی

المُہدی: معروف ادیب واسکالر پیر سید محمد فاروق القادری صاحب

صفحات: ۲۸۵ (مجلد)

ناشر: پروگریسو بکس یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

قیمت: درج نہیں

---

(۴) نام کتاب: **امور پیشہ وراں، عصری معاملات اور ان کا شرعی حل**

موضوع: جدید فقہی مسائل

مصنف: حضرت مفتی وزیر احمد صاحب

المُہدی: مفتی محمد سیف اللہ صاحب

صفحات: ۲۹۵ (مجلد)

ناشر: پروگریسو بکس یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

قیمت: درج نہیں

© rasailojaraid.com

(۵) نام کتاب: **اسلامی تصوف، قلب ونفس، پر جدید تحقیق، صوفیانہ اور سائنسی بحث**

موضوع: روحانیت

مصنف: ڈاکٹر فدا محمد صاحب

المُہدی: علامہ محمد طفیل کوہاٹی صاحب

صفحات: ۱۰۲ (کارڈ بائنڈنگ)

ناشر: ادارہ اشرفیہ عزیزیہ کوہاٹ

قیمت: درج نہیں

---

(۶) نام کتاب: **اتحاف السری بترجمۃ العلامہ المفتی عبدالرحیم السکندری**

موضوع: سوانح حیات و خدمات المفتی عبدالرحیم سکندری صاحب

تالیف: مفتی حق النبی سکندری الازہری

المُہدی: سائیں مفتی حق النبی سکندری الازہری صاحب

صفحات: ۶۲ (کارڈ بائنڈنگ)

ناشر: دارالعلوم صبغۃ الھدی شاہ پور شاکر

ہدیہ: درج نہیں

© rasailojaraid.com